آپ گے مرد ہیں، آپ کسی سے محبت کرتے ہیں،
آپ دونوں ہمیشہ کے لئے ایک ہونا چاہتے ہیں-----

# تو شادی کے بندھن میں بندھ جائیں !

سِول پارٹنر شِپ ( قانونی طور پر ایک دوسرے کے ساتھ رہنے ) کے بارے میں ایک رہنمائی

* * *

'آپ کو ہر وہ حق - اور ہر وہ ذمہ داری حاصل ہے - جس طرح شادی کے بعد عام جوڑوں کو حاصل ہوتی ہے'

i اس سِول پارٹنر شِپ کو شادی کہیں گے یا نہیں ؟

جی ہاں، اس کا ارادہ اور مقصد یہ ہی ہے۔ سِول پارٹنر شِپ کے ساتھ آپ کو سبھی حقوق اور سبھی سہولیات اور سبھی خاص ذمہ داریاں ملتی ہیں - جیسے کہ عام جوڑے جب شادی کرتے ہیں تو ان کو ملتے ہیں۔ یہ بالکل ایک جیسی بات ہے۔ یہاں تک کہ آپ اپنے دوستوں اور رشتہ داروں کے ساتھ اسے منا سکتے ہیں۔

ii آپ کس قسم کے حقوق کے بارے میں بات کر رہے ہیں ؟

ایک نئی خوشی منانے اور شاندار پارٹی کے حق کے علاوہ آپ کو وارث کے حقوق، پارٹنر کے بچوں سے تعلق رکھنے والے حقوق، ٹیکس کے حقوق ملتے ہیں اور ان حقوق میں عام شادی شدہ جوڑوں کی طرح وراثت کے حقوق بھی شامل ہیں - اور آپ کو پینشن کے حقوق ملتے ہیں، لہذا، اگر آپ کے سِول پارٹنر فوت ہو جاتے ہیں تو آپ ان کی پیشن کے لئے کلیم کر سکتے ہیں - - -

iii اور یوں ہم اب بن جاتے ہیں - سِول پارٹنر !

جی ہاں اب آپ کو کوئی نہیں روک سکتا کہ آپ ایک دوسرے کو گھر کے اندر کس نام سے پکارتے ہیں - شوہر، بیوی اور جیون ساتھی - ہاں قانونی کاغذات میں یہ نام نہیں لکھ سکتے ہیں۔ اگر آپ اپنے پارٹنر کا نام اپنے ڈرائیور لائسنس یا آپ کے پاسپورٹ، شناختی ثبوت کے کاغذات پر دینا چاہتے ہیں تو اس کے حل کے لئے آپ کا سِول پارٹنر شِپ کا سرٹیفکیٹ کافی ہوگا۔

* * *

'یہ ایک قانونی بندھن ہے لہذا، یہ کوئی ہنسی مذاق کی بات نہیں ہے یا یہ گھڑی دو گھڑی کا اقرار نہیں ہے'

iv لہذا، پارٹنرز کے درمیان مزید کوئی وراثتی ٹیکس نہیں ہوگا ؟

جی نہیں، کیوں کہ اب آپ سِول پارٹنرز ہیں اور اب آپ کو ایک عام شادی شدہ جوڑے کی طرح پہچانا جاتا ہے۔ آپ کو اپنے پارٹنر کی موت رجسٹر کرانے، بریو مینٹ بنیفٹس پر حق ہے اور کسی مُہلک حادثے کی صورت میں معاوضہ لینے کا حق ہے، اور حصّہ داری میں لئے کرائے کے گھر میں رہنے کا حق حاصل ہے۔

v لیکن ہمیں سوِل پارٹنرز ہونے کے لئے اکٹھا رہنا ضروری نہیں ہے ؟

جی نہیں ، یہ عام شادی جوڑوں کی طرح ہے۔ گھریلو معاملات اور کون کہاں رہتا ہے ، اس سے کسی دوسرے کا کوئی تعلق نہیں ہے اور آپ کو جو تنخواہ ملتی ہے اور اس کے علاوہ ملنے والے بنیفٹس کے بارے میں آپ کے باسز کو اسی طرح کا سلوک کرنا ہوگا جیسا سلوک وہ عام شادی شدہ جوڑوں کے ساتھ کرتے ہیں۔

vi آپ نے کہا تھا کہ آپ پر ذمہ داریاں بھی ہیں ۔۔۔۔۔

بحرحال ، یہ ایک قانونی بندھن ہے لہذا ، یہ کوئی ہنسی مذاق کی بات نہیں ہے یا یہ گھڑی دو گھڑی کا اقرار نہیں ہے۔ آپ کو اس کے نتائج کے ساتھ جینا ہوگا ، اس میں ہوسکتا ہے کہ آپ کی اپنے سِول پارٹنر اور بچوں کی دیکھ بھال (خرچہ وغیرہ) کرنا شامل ہو۔ اور اگر آپ کو بنیفٹس ملتے ہیں تو آپ کے معاملے کے ساتھ بھی عام شادی جوڑے کے طور پر نمٹا جائے گا۔ لیکن یہ بات تمام جوڑوں کے لئے ہے ۔ چاہے وہ عام جوڑے ہوں یا گے جوڑے ہوں ۔ کہ وہ کاغذ کے ٹکڑے کے بغیر اکٹھے رہ رہے ہوں۔

'اسے بندھن توڑنا کہتے ہیں لیکن جی ہاں ، اگر سب کچھ ہی گڑ بڑ ہو جاتا ہے تو آپ کو طلاق لینی پڑے گی'

vii لہذا ، فرض کیا کہ اگر سب کچھ ہی گڑبڑ ہو گیا ہے تو آپ کو طلاق لینی پڑے گی ۔

اس کو شادی کا 'ٹوٹ جانا' کہتے ہیں لیکن ! جی ہاں ، آپ کو طلاق لینی ہوگی۔

viii کیا ہم چرچ میں شادی کر سکتے ہیں ؟

آپ چرچ میں اپنے پسندیدہ گے مردوں کے لئے دوستانہ وِکر (یا اسی طرح گے مردوں کے لئے دوستانہ مذہبی لیڈر) کی موجودگی میں دعا لے سکتے ہیں۔ یہ بالکل اسی طرح ہے جیسے کہ عام جوڑے رجسٹر آفس میں شادی کرتے ہیں ، لیکن خود رجسٹریشن کے دوران کوئی مذہبی تقریب نہیں ہوگی ، جیسے کہ عام جوڑے جب سِول شادی کرتے ہیں۔ لیکن اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ آپ کسی خوبصورت مقام پر بیاہ نہیں کر سکتے ہیں۔ آپ یہ معاہدہ کسی بھی ایسی جگہ کر سکتے ہیں جن کے پاس سِول سروسز کا لائسنس ہو ۔ جیسے کہ سرکاری گھر ، ہوٹلز ، منتخب کئے گئے ساحلِ سمندر اور پہاڑوں کی چوٹیاں۔

ix جب ہم رجسٹر ہو جاتے ہیں تو کیا ہوتا ہے ؟

یہ آپ کا دن ہے۔ آپ جو چاہیں کر سکتے ہیں ، لہذا اگر آپ کوئی کام نہیں کرنا چاہتے یا آپ کوئی کام کر رہے ہیں تو ان کے بارے میں کوئی بھی دفتری آدمی آپ کو ڈرا دھمکا نہیں سکتا ہے ! آپ اپنی طرف سے کئے جانے والے قول و اقرار خود لکھ سکتے ہیں ، انگوٹھیاں بدل سکتے ہیں ، اپنی پسند کی کوئی بھی چیز پڑھ سکتے ہیں ، چُوم کر اس معاہدے پر پکی مہر لگا سکتے ہیں ۔ کوئی بھی بات ہو اپنے رجسٹرار سے ساری بات چیت کیجئے۔ آپ نے صرف اتنا کرنا ہے کہ اپنے دستخط اور دو گواہوں کے دستخط لازمی پیش کریں۔

'آپ یہ معاہدہ کسی بھی ایسی جگہ کر سکتے ہیں جن کے پاس سِول سروسز کا لائسنس ہے'

x اور کیا یہ شادی امیگریشن آفس میں بھی مانی جاتی ہے ؟

جی ہاں ، اب آپ بھی اسی کشتی میں سوار ہیں جس میں عام جوڑے ہوتے ہیں جب وہ شادی کرتے ہیں۔ ہوسکتا ہے کہ کسی ملک میں داخل ہونے اور رجسٹر ہونے کے بارے میں پابندیاں ہوں لیکن عام جوڑے پر جو پابندیاں ہوتی ہیں یہ اس سے زیادہ نہیں ہوں گی۔

xi لہذا، ہم کیسے شروع کرسکتے ہیں ؟

آپ کو رجسٹریشن سروس میں خود جانا ہوگا تاکہ آپ کو اپنی حصہ داری رجسٹر کرانے کا ارادہ بتانے کے لئے رسمی نوٹس دیا جا سکے جیسے کہ ایک عام جوڑا کرتا ہے۔ اور یاد رکھئے کہ آپ کو مقامی طور پر یہ بندھن باندھنے کی ضرورت نہیں ہے ۔ آپ یو کے میں کسی بھی جگہ جا سکتے ہیں اگر ان کے پاس لائسنس ہے۔ ایک بار جب آپ نوٹس دے دیتے ہیں تو آپ کے پاس انتظار کرنے ،منصوبہ بندی کرنے ، پسند کے کپڑے لینے ، دوستوں کو مدعو کرنے اور شادی سے ایک رات پہلے اپنی آزادی منانے کے لئے 15 دن ہیں۔

xii اس کے بعد آپ دونوں کو شادی کرلینی چاہیے !

کیا آپ اس بارے میں مزید معلومات لینا چاہتے ہیں ؟

سِول پارٹنرشِپ کے بارے میں ساری معلومات لینے کے لئے ویب سائیٹ دیکھئے

www.stonewall.org.uk

www.stonewallcymru.org.uk

باہر کے ملک سے تعلق رکھنے والے پارٹنر کے ساتھ سِول پارٹنرشِپ کے بارے میں مسائل پر ہوم آفس امیگریشن اینڈ نیشنیلٹی ڈاریکٹوریٹ مدد کرسکتا ہے۔

0870 606 7766

www.ind.homeoffice.gov.uk

یو کے لیزبئین اینڈ گے امیگریشن گروپ امیگریشن سے تعلق رکھنے والے کسی بھی معاملے میں مدد پیش کرتا ہے۔

020 7620 6010

www.uklgig.org.uk

پینشن سروس

اگر آپ کو پینشن کے نئے حقوق کے بارے میں مشورہ چاہیے تو اس ویب سائیٹ پر جایئے

www.thepensionservice.gov.uk

اڈاپشن

اپنے پارٹنر کے بچوں کے اڈاپشن کے بارے میں مزید معلومات لینے کے لئے اس ویب سائیٹ پر جایئے

www.dfes.gov.uk/adoption

جاب سینٹر پلس آپ کو بینفٹس پر معلومات دے سکتے ہیں۔ اس ویب سائیٹ پر جایئے

www.jobcentreplus.gov.uk

اِن لینڈ ریونیو
ٹیکس کے بارے میں قوانین کے بارے میں کوئی بھی بات پوچھنے کے لئے اس ویب سائیٹ پر جایئے
www.inlandrevenue.gov.uk

جنرل رجسٹر آفس کے پاس لائسنس شدہ جگہوں کی ایک فہرست ہے اور وہ آپ کو خرچے، اور کسی وجہ کی بنیاد پر کسی جگہ پر نہ آنے والے شخص کے ساتھ سوِل پارٹنرشپ کرنے کے بارے میں آپ نے کوئی سوال پوچھنا ہو تو اس بارے میں اور اس سے تعلق رکھنے والے معاملے کے بارے میں جواب دے سکتے ہیں۔ یہ ویب سائیٹ دیکھئے
www.gro.gov.uk

سکاٹ لینڈ کے لئے جنرل رجسٹر آفس
www.gro-scotland.gov.uk

سٹون وال
020 7881 9440

منی کام
020 7881 9996

سٹون وال سکاٹ لینڈ
0131 557 3679

سٹون وال سمارو
02920 237 744

وارِوک ورڈ وائیڈ نے اسے سٹون وال کے لئے تیار کیا ہے

سٹون وال والے بارکلیز والوں کی مدد کے انتہائی شکر گزار ہیں